ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

A Part of YBG

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ
جلد نمبر ۷ شمارہ نمبر ۲ اپریل تا جون ۲۰۱۷




کوجنٹ بریڈنگ کے نتائج برآمد

تفصیل صفحہ نمبر 24

# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے سالانہ مالیاتی نتائج کا اعلان

## 100 فیصد کیش ڈیویڈنڈ، ماسٹر بیچ منصوبے کی منظوری، فی حصص آمدنی میں 16 فیصد اضافہ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے مالیاتی نتائج برائے سال 2016-17 کا اعلان کر دیا۔ کمپنی کے اعلامیہ کے مطابق مذکورہ سال کیلئے غیر مجموعی بعد از ٹیکس منافع 3,296 ملین روپے رہا جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ ہے۔ جبکہ فی حصص آمدنی 16 فیصد اضافے کے ساتھ 35.69 روپے رہی۔ یہ شاندار اضافہ گزشتہ سال کے مقابلے میں آپریٹنگ منافع میں اضافہ، شریک کمپنیوں کی جانب سے بہترین منافع (ڈیویڈنڈ) اور زر مبادلہ کی ادائیگیوں میں کم نقصان کی وجہ سے ممکن ہوا۔

اس سال کے دوران آپریٹنگ منافع گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 16 فیصد اضافہ کے ساتھ 4,044 ملین روپے رہا جو کہ پولیسٹر لائف سائنسز اور کیمیکلز بزنس کی نمایاں کارکردگی کی وجہ سے ممکن ہوا۔

30 جون کو ختم ہونے والی مالی سال کے دوران نیٹ ٹرن اوور 12 فیصد اضافے کے ساتھ 41,364 ملین روپے رہا جو کہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران 36,954 ملین روپے رہا تھا۔ اس اعلیٰ کارکردگی میں تمام بزنسز کی سیلز کی کارکردگی نظر آتی ہے۔ پولیسٹر بزنس کی آمدنی میں 7 فیصد اضافے میں پیٹرو کیمیکلز چین اور پولیسٹر اسٹیپل فائبر کی قیمتوں اور بلیک فائبر کی فروخت نے اضافے میں اہم کردار ادا کیا۔

سوڈا ایش بزنس کی آمدنی میں 2 فیصد جبکہ لائف سائنسز بزنس کی سیلز میں 28 فیصد اضافہ رہا جس کی وجہ بزنس کے ترقیاتی اور توسیعی منصوبے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کیمیکلز بزنس کے نیٹ ٹرن اوور میں متذکرہ عرصے کے دوران 20 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا جو کہ سیلز میں اضافہ اور نئے کسٹمرز سے رابطوں کی وجہ سے ممکن ہوا۔

چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے اس موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "سال 2016-17ء ہمارے لئے کلٹیویٹنگ گروتھ (ترقی کیلئے کوشاں) کے حوالے سے نہایت پر جوش رہا ہے جس کے دوران ہم نے اپنے توسیعی منصوبوں کے سنگ میل عبور کئے، اس کے علاوہ شراکت داری اور کاروبار میں جدت پسندی کی وجہ سے یہ ایک یادگار سال رہا۔ ہم عنقریب پاکستان کی آزادی کے 70 سال مکمل کرنے والے ہیں۔ ہم اپنے اس عہد کو دوبارہ دہرائیں گے کہ ہم اپنے ملک کیلئے اسی طرح سے کام کرتے رہیں گے جس طرح سے سات دہائیوں سے زیادہ سے کام کرتے آرہے ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ ہم مل کر ترقی کریں تاکہ ملک کا اور ہمارا مستقبل روشن رہے۔ چیف ایگزیکٹو نے سال 2016-17ء کے دوران اہم ترقیاتی کاموں کے بارے میں درج ذیل میں بتایا۔

- لائف سائنسز بزنس نے اپنے پروڈکٹ پورٹ فولیو میں اضافہ اور مینوفیکچرنگ کی صلاحیتوں میں بے حد نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ خاص طور سے سرن فارماسیوٹیکلز پرائیوٹ لمیٹڈ اور وائتھ پاکستان لمیٹڈ کے مخصوص اثاثوں کا حصول (جو کہ متعلقہ ضابطوں کی تکمیل کے مراحل میں ہے)۔
- مورینا گا انفنٹ فارمولا ملک بنانے، اس کی ڈسٹری بیوشن مارکیٹنگ اور سیلز کے حوالے سے شیئر ہولڈرز معاہدے کی تکمیل۔ اس معاہدے کی رو سے ایک نہایت جدید مینوفیکچرنگ پلانٹ لگایا جائیگا۔ اس منصوبے پر کام کا آغاز نئے تشکیل شدہ ذیلی ادارے نیوٹریکو مورینا گا (پرائیوٹ) لمیٹڈ نے شروع کر دیا ہے جس میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ 51 فیصد اکثریتی حصص کا مالک ہے۔

مجموعی طور پر بشمول ذیلی اداروں یعنی آئی سی آئی پاکستان پاورجن لمیٹڈ، سرن فارماسیوٹیکلز پرائیوٹ لمیٹڈ اور نیوٹریکو مورینا گا (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے نتائج، بعد از ٹیکس منافع سال 2016-17ء کیلئے 3,280 ملین روپے یا فی حصص آمدنی 35.54 روپے رہی جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ ہے۔ جبکہ اسی دوران کمپنی کو 671 ملین روپے نیوٹریکو پاکستان (پرائیوٹ) لمیٹڈ کی جانب سے بطور منافع کا حصہ وصول ہوئے۔

کمپنی کا مستقبل تابناک نظر آرہا ہے جس کی وجہ ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے مثبت ماحول کا پایا جانا مثلاً سی پیک سے منسلک توانائی اور معاشی ترقی کے منصوبے، متوازن افراط زر اور شرح سود اور انرجی کی سپلائی اور دستیابی ہے۔

کاروبار کیلئے سازگار ماحول کمپنی کو یہ موقع فراہم کرے گا کہ وہ مزید ترقی کرے اور اپنے آپ کو وسعت دے۔ پولیسٹر بزنس میں آر ایل این جی (RLNG) کی دستیابی کی وجہ سے توقع ہے کہ مارجنز اور آپریشنز مستحکم ہوں گے۔ سوڈا ایش کے توسیعی منصوبوں کی بدولت کمپنی کسٹمرز کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کر سکے گی۔ لائف سائنسز بزنس بھی مستقبل میں مزید بہتری کی جانب پیش قدمی جاری رکھے گا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کیمیکلز بزنس کے ماسٹر بیچ (Masterbatch) مینوفیکچرنگ منصوبے کی منظوری دیدی ہے۔ ماسٹر بیچ مختلف قسم کے پلاسٹکس (پی ای، پی پی، پی وی سی) وغیرہ میں کلرنگ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ منصوبہ تقریباً 590 ملین روپے کا ہے اور امید ہے کہ 2019 کی پہلی سہ ماہی میں پیداوار شروع کر دیگا۔ یہ منصوبہ کیمیکلز پلانٹ واقع 5۔ ویسٹ وہارف کراچی میں لگایا جائیگا۔ یہ منصوبہ بھی اس حکمت عملی کا ایک حصہ ہے جو کہ کمپنی کے کیمیکلز بزنس کے پروڈکٹ پورٹ فولیو میں بہتری اور اضافہ کیلئے کی جارہی ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2017ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے 100 فیصد حتمی نقد منافع کا اعلان کیا ہے جو کہ 10 روپے مالیت کے حصص پر -/10 روپے فی حصص بنتا ہے۔ واضح رہے کہ یہ 80 فیصد عبوری منافع جو کہ پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے کے علاوہ ہے۔

## اداریہ

### عزیز دوستو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ جس میں سب سے اہم ہماری کمپنی کے مالیاتی نتائج کے بارے میں ایک تفصیلی خبر ہے۔ آپ سب کی محنت اور کام سے لگن کی بدولت کمپنی نے سال 2016-17 کے دوران شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

اس سہ ماہی کے دوران ہم نے سرن فارماسیوٹیکلز پرائیوٹ لمیٹڈ، وائتھ پاکستان لمیٹڈ کے مخصوص اثاثوں کا حصول اور نیوٹریکو مورینا گا پرائیوٹ لمیٹڈ کی تشکیل کے مرحلے مکمل کئے ہیں۔ جو یقیناً کمپنی کے استحکام میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس کے علاوہ گزشتہ سال ہمارے اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے کو جنٹ بریڈنگ انگلینڈ کی بوائن سیمن جو کہ مصنوعی افزائش نسل (مادہ تولید کی تخم ریزی) کے بارے میں 20 سالہ تجربہ رکھتی ہے کی پروڈکٹس مارکیٹ میں پیش کیں جس کے نہایت حوصلہ افزا نتائج نکلے اور پہلی کالف (بچھیا) کی خانیوال کے ایک ڈیری فارم میں ولادت کے بارے میں خبر پڑھیں گے۔

کھیوڑہ کی افطار پارٹیاں اور کھیلوں کی سرگرمیاں بھی اس شمارے کا حصہ ہیں۔

آپ کی رائے اور تبصرے کا انتظار رہے گا۔

ایڈیٹر۔ عبدالغنی

abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول، برارکوٹ

# سائنس لیب کا افتتاح

2005 کے زلزلے سے متاثرہ علاقے برارکوٹ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے ایک گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول تعمیر کیا گیا تھا جس کو بعد میں کے پی کے گورنمنٹ نے مڈل اسکول کا درجہ دیدیا۔

برارکوٹ ایک پسماندہ علاقہ ہے جہاں کے بچوں کو تعلیم کیلئے کافی جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ خاص طور سے علاقے کی لڑکیوں کو مڈل کے بعد والدین گھر سے دور مزید تعلیم کیلئے بھیجنا پسند نہیں کرتے۔ علاقے کی ایک سماجی کارکن خاتون نے مقامی فلاحی ادارے فرینڈز پاکستان کے تعاون سے بچیوں کیلئے میٹرک کی کلاسز اپنی مدد آپ کے تحت شروع کردیں، جہاں سائنس اور آرٹس کی تعلیم دی جارہی ہے۔ لیکن سائنس مضامین پڑھنے والی لڑکیوں کو اسکول میں سائنس لیب نہ ہونے کی وجہ سے پریکٹیکلز کیلئے کافی دور بوائز کے اسکول جانا پڑتا تھا۔ جس کی وجہ سے غیر ضروری تکالیف / مسائل اور وقت کے ضیاع کا مسئلہ کافی عرصے سے چلا آرہا تھا۔

علاقے کی سماجی کارکن رقیہ ظفر نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سے رابطہ کیا اور مسئلے کی نشاندہی کی۔ آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن نے مسئلے کی اہمیت کے پیش نظر سائنس لیب کیلئے ضروری فنڈز مہیا کئے اور اس کے ساتھ ساتھ دو اساتذہ کی تنخواہ مہیا کرنے کا بھی وعدہ کیا۔ فرینڈز پاکستان کے تعاون سے سائنس لیب کا افتتاح 19 مئی 2017ء کو متین امجد، جنرل مینیجر فارماسیوٹیکلز نے ضلعی ناظم، سردار سید غلام اور ضلعی حکومت کے نمائندوں کے ہمراہ کیا۔

ضلعی ناظم سردار سید غلام اور مقامی عمائدین، فرینڈز پاکستان کے سربراہ اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے اس تعاون کو بے حد شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ضلعی ناظم نے اسکول کے صحن کیلئے شیڈز کی فراہمی کیلئے ضلعی حکومت کی جانب سے فنڈز فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا۔

اس موقع پر طالبات کا کہنا تھا کہ ہم آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا بے حد شکریہ ادا کرتے ہیں کہ پہلے انھوں نے ہمارے لئے اسکول کا بندوبست کیا اور اب اسکول میں سائنس لیب اور دو اساتذہ کے تقرر سے ہم مزید اچھی تعلیم حاصل کرسکیں گے۔ طالبات کا کہنا تھا کہ ہم ضلعی ناظم اور فرینڈز پاکستان کے بھی نہایت مشکور ہیں جنہوں نے اسکول کیلئے شیڈز اور میٹرک کی کلاسوں کا ہمارے لئے اجراء کیا ہے۔











مفاہتی یادداشت پر دستخط

# سائنس لیب کا قیام

گورنمنٹ گرلز سیکنڈری اسکول ولی محمد حاجی یعقوب، لیاری

معیاری تعلیم کا حصول تمام والدین اور بچوں کی تمنا ہوتی ہے۔ سندھ گورنمنٹ نے بھی اسکولوں کی حالت بہتر بنانے اور وہاں وسائل کی کمی کو پورا کرنے کیلئے سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام شروع کیا ہے جو کہ یو ایس ایڈ کے تعاون سے جاری ہے۔ اس پروگرام کے تحت گورنمنٹ کے مختلف اسکولوں کو گود لینا' وہاں دستیاب وسائل کی کمی کو کارپوریٹ اور سماجی اداروں کے تعاون سے پورا کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ اس سلسلے میں (سی ایم پی) کمیونٹی موبلائزیشن پروگرام کے تحت ایک ادارہ بنایا گیا ہے تاکہ وہ کاروباری اداروں اور حکومت کے تعلیمی اداروں کے درمیان رابطے کا کام کرے۔



گزشتہ دنوں سی ایم پی نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سے لیاری میں واقع گورنمنٹ گرلز سیکنڈری اسکول ولی محمد حاجی یعقوب میں سائنس لیب کی ضرورت کی نشاندہی کی۔ اسکول میں 800 سے زائد طالبات پڑھ رہی ہیں اور انھیں اپنے سائنس مضامین کے پریکٹیکلز کیلئے قریبی واقع بوائز اسکول جانا پڑتا تھا جس کے باعث والدین کی اکثریت مطمئن نہیں تھی اور وقت کا ضیاع الگ ہوتا تھا۔

آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن نے مسئلے کی اہمیت کے پیشِ نظر اسکول میں سائنس لیب کے سامان کیلئے فنڈز فراہم کرنے کا وعدہ کیا اور اس حوالے سے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے گئے جس میں امریکی حکومت کے نمائندے اینڈی ایل ہیٹ فیلڈسینئر ایجوکیشن پالیسی ایڈوائزر اینڈ پروگرام مینجر سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام یو ایس ایڈ/پاکستان نے خصوصی شرکت کی۔

مفاہمت کی یادداشت پر سی ایم پی- آئی آر ڈی کی جانب سے شہزاد محمود، چیف آف پارٹی اور فاطمہ زبیری، جنرل مینجر ایچ آر، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے دستخط کیئے۔ اس مفاہمتی یادداشت کے تحت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اسکول میں سائنس لیب کے قیام میں تعاون کا ارادہ ظاہر کیا ہے اس کے علاوہ اسکول میں طالبات کی صلاحیتوں کو ابھارنے کیلئے مزید پروگرام بھی ترتیب دیئے جائیں گے۔ یہ تمام پروگرام آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے برانڈ ''علم و ہنر'' کے تحت انجام دیئے جائیں گے۔








# سرکاری تعلیمی اداروں کو فرنیچر کا تحفہ

رپورٹر: ملک محمد امیر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جہاں بھی کاروبار کرتی ہے۔ اپنی لوکل کمیونٹی کی ضروریات کا بھی خیال رکھتی ہے۔ اسی سلسلے میں کھیوڑہ شہر کے دو بڑے سرکاری اداروں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کھیوڑہ اور گورنمنٹ ایلمنٹری اسکول کوٹ منگل سین کھیوڑہ کو طلباء اور طالبات کیلئے کرسیاں اور ڈیسک دیئے۔




فرنیچر اساتذہ اور ہیڈ ماسٹر صاحبان کی موجودگی میں دیا گیا۔ دونوں اداروں کے ہیڈ ماسٹرز، اساتذہ اور طلباء وطالبات آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کی طرف سے دیئے گئے فرنیچر کے تحفہ پر کمپنی کے شکر گزار ہیں۔









# کارپینٹر پارٹی

ایڈ ہیسیو بزنس کی توجہ ہمیشہ اپنے کسٹمرز کو ان کی ضرورت کا بہترین حل پیش کرنے پر مرکوز رہی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ کسٹمرز کی بدولت ہی وہ اپنے کاروبار کو فروغ دے سکتے ہیں۔ کسٹمرز کے ساتھ قریبی تعلقات قائم رکھنے کے سلسلے میں سالانہ اجتماع ایک روایت ہے اور اس کو برقرار رکھتے ہوئے ایڈ ہیسیو بزنس کی نارتھ ریجن ٹیم نے فیصل آباد اور لاہور میں بالترتیب 11 اور 13 اپریل 2017 کو دو کارپینٹر پارٹیز کا اہتمام کیا۔

11 اپریل کی ایک خوشگوار شام کو علی طٰہٰ (ایریا سیلز پروموٹر، فیصل آباد)، اویس نور (اسٹنٹ سیلز منیجر)، فیصل ضیا (ریجنل سیلز منیجر، نارتھ) کے ساتھ سید دانیال (انڈسٹریل سیلز اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ منیجر) کنال روڈ فیصل آباد پر واقع وکٹورین ہوٹل میں اپنی فروخت کاری کی حدود کے رجسٹرڈ کارپینٹرز کے استقبال کے لئے موجود تھے۔ 150 سے زیادہ افراد کی گنجائش پر مبنی یہ جگہ تمام شرکاء کیلئے بہت کافی رہی۔ اس تقریب میں مختلف کارپینٹرز اور پینٹرز میں ان کے گزشتہ ایک سال کے دوران میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ساتھ کاروباری سطح کے مطابق انعامات تقسیم کئے گئے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء ایک پرتکلف عشائیہ سے لطف اندوز ہوئے۔ اس موقع پر جناب نعیم سلطان (ڈسٹری بیوٹر، فیصل آباد) سید دانیال اور فیصل آباد نے تقاریر کیں۔

اسی نوعیت کی دوسری تقریب 13 اپریل کو گارڈن ٹاؤن لاہور کے نور جہاں بینکوئٹ ہال میں منعقد ہوئی۔ جہاں جناب اویس نور نے خوبصورت انداز میں میزبانی کر کے حاضرین کو محظوظ کیا۔ اینکر پینٹس (لاہور کی حدود کے ڈسٹری بیوٹر) کے جناب محمد عاطف اور سید دانیال نے شرکاء سے خطاب کیا۔ اس کے بعد تقسیم انعامات اور گانے کے مقابلے کا اہتمام ہوا جس میں جیتنے والوں کو موبائل فون تحفے میں دیئے گئے۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پروڈکٹس استعمال کرنے والے کارپنیٹرز کے ایک گروپ نے ایک مشترکہ مباحثہ میں بھی حصہ لیا۔ کارپینٹرز کلب میں کئی نئے چہرے بھی شامل تھے۔ ان تقریبات میں نارتھ ٹیم کو ایک پلیٹ فارم پر بہت سے حقیقی صارفین (end users) سے ملاقات کا موقع ملا جس میں کارپینٹرز اور پینٹرز کے مختلف مسائل سے آگہی ہوئی اور ان کی سفارشات حاصل ہوئی۔ ایڈ ہیسیو بزنس صارفین کی ان سفارشات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور ان پر پوری توجہ سے غور کیا جاتا ہے۔

ان دونوں مواقع پر تقسیم انعامات کی خصوصی تقاریب ہوئیں جن میں WD رینج کی پروڈکٹس کے سب سے زیادہ استعمال کرنے والوں کو 70CC موٹر بائیک انعام دی گئی۔ اس کے علاوہ مہمانوں میں گفٹ ہمپرز بھی تقسیم کئے گئے۔ ان دونوں تقاریب میں 300 سے زائد کسٹمرز بطور مہمان شریک ہوئے۔

مجموعی طور پر دونوں تقریبات بہت کامیاب رہیں جن کے تمام شرکاء نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ان تقاریب کو بے حد سراہا اور ایک خوشگوار تاثر کے ساتھ رخصت ہوئے۔









# کھیوڑہ کے معززین کے اعزاز میں افطار ڈنر

رپورٹر: ملک محمد امیر

رمضان المبارک میں ہر سال آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں ،لوکل کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے معززین کے لیے افطار ڈنر کا اہتمام ہوتا ہے۔اس کا مقصد آئی سی آئی پاکستان کا اپنی کمیونٹی سے تعلق اور مضبوط کرنا ہوتا ہے۔ کمپنی انتظامیہ اِن احباب کے ساتھ گھل مِل جاتی ہے اور زندگی کے ہر موضوع کے حوالے سے گفت وشنید ہوتی ہے۔

اس سال بھی 12 رمضان المبارک کو ایڈمن ہال کے سامنے وسیع اور سر سبز و شاداب لان میں افطار ڈنر کا انتظام کیا گیا۔اس میں لوکل کمیونٹی سے میونسپل کمیٹی کے چیئر مین محترم ملک فیصل عباس ،ڈپٹی چیئر مین ملک شوکت حیات ،تمام کونسلر صاحبان میونسپل کمیٹی پنڈ دادن خان کے چیئر مین ملک محمد محسن ، ڈپٹی چیئر مین خواجہ سجاد حسین توکل تمام کونسلرز، پنڈ دادن خان بار کے صدر چوہدری سوہندا خان، جنرل سیکریٹری مرزا فطیر حسین، علاقہ میں موجود دوسری انڈسٹریز مثلاً پی ایم ڈی سی کھیوڑہ ، ڈنڈوٹ سیمنٹ غریبوال سیمنٹ، بیسٹ وے سیمنٹ اور ڈی جی خان سیمنٹ کی انتظامیہ، اِن انڈسٹریز میں موجود سی بی اے یونیز کی نمائندہ سالٹ رینج فیڈریشن کی اعلیٰ قیادت چوہدری عبدالرحمٰن، حاجی عبدالغفور، چوہدری مظہر حسین ، مہر جعفر علی جعفری ، راجہ اصغر علی، ملک محمد اجمل پیرزادہ اظہر حسین شاہ ، محمد صغیر بٹ، مرزا ناظم حسین، محمد رازی نونی، طاہر جاوید خواجہ علمائے کرام سید واصف حسین شاہ صاحب، مولانا سلیم صاحب، مولانا راجہ مظہر علی صاحب صحافیوں میں سے ظفر سبحان، سکندر گوندل، راجہ فیاض الحسن ، یوسف ناز، یونس شہباز اور لوکل کمیونٹی سے سوشل ورکرز کی ایک بڑی تعدار ملک زاہد صدر مسلم لیگ کھیوڑہ، چوہدری محمد اسماعیل جوتانہ ، مسلم لیگ ق، چوہدری خضر حیات پیپلز پارٹی ، ملک اعجاز حسین اسلم کونسلر کھیوڑہ چوہدری شوکت جاوید کونسلر پنڈ دادن خان، چوہدری شاہد باگوان کونسلر پنڈ دادن خان انجمن تاجران کھیوڑہ اور انجمن تاجران پنڈ دادن خان کے نمائندگان، سالٹ رینج کے ایریا میں کام کرنے والے مائن اونرز، کمپنی کو سروسز مہیا کرنے والے ٹھیکیداران اور ٹرانسپوٹرز ... نیشنل بینک پاکستان، حبیب بینک پاکستان، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ پاکستان اور مسلم کمرشل بینک لمیٹڈ پاکستان کے آفیشنلز نے اِس افطار ڈنر میں بھر پور شرکت کی۔

سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے IR منیجر سلیم صدیقی نے بذاتِ خود تمام مہمانوں کا پُر تپاک استقبال کیا۔ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے فردًا فردًا تمام مہمانوں سے مصافحہ کیا اور ان کی خیریت دریافت کی۔تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس رضوان عزیز HR منیجر، صابر محمود پروڈکشن منیجر، توفیق چیمہ ٹیکنیکل منیجر، قیصر اقبال الیکٹریکل منیجر، سید محمد مصباح فنانس منیجر اور کمپنی ڈاکٹر راشد خان بھی مہمانوں میں گھل مِل گئے۔

افطاری کے بعد مغرب کی نماز وہیں لان میں ادا کی گئی۔نماز کے بعد تمام مہمانوں نے بڑے ہی پُر وقار انداز میں کھانا کھایا۔ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس پاکستان محمد عمر مشتاق نے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا۔رضوان عزیز HR منیجر اور سلیم صدیقی IR منیجر نے پروگرام کے حوالے سے اچھے انتظام کرنے پر اپنی ٹیم کو شاباش دی۔اس طرح یہ تقریب بہت اچھی یادیں سَمو کر اپنے اختتام کو پہنچی۔














سوڈا ایش













# الکلی اسپورٹس کلب کی افطار پارٹی 2017ء

رپورٹر: ملک محمد امیر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں ایمپلائیز کے لیے صحت مند سرگرمیوں کے انتظام وانصرام کے حوالے سے الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی ایک بہت ہی متحرک اور پُرعزم یونٹ ہے۔ جس کے چیئر مین طاہر عباس اور جنرل سیکریٹری کلب کمیٹی کھیوڑہ قیصر علی ہیں۔ الکلی اسپورٹس کلب کھیوڑہ ہر سال رمضان المبارک میں سوڈا ایش بزنس کے تمام ایمپلائیز مع اپرنٹسز کے لیے افطار ڈنر کا اہتمام کرتا ہے۔

اس سال بھی 19 رمضان المبارک 2017ء کو الکلی اسپورٹس کلب کے وسیع سبزہ زار میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی نے اپنے چیئر مین طاہر عباس اور سیکریٹری جنرل قیصر علی کی قیادت میں تمام ایمپلائیز کا بالعموم اور محمد عمر مشاق ورکس مینجر سوڈا ایش بزنس کا بالخصوص استقبال کیا۔ اس موقع پر تمام ایمپلائیز، مینجرز، آفیسرز اور اپرنٹسز آپس میں گھل مِل گئے۔ سب نے اکھٹے افطاری کی۔ وہیں پر لان میں نماز مغرب ادا کی گئی۔ نماز مغرب کے بعد تمام ساتھیوں نے مل کر کھانا تناول کیا۔

الکلی اسپورٹس کمیٹی نے اس افطار ڈنر کے انتظام کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ اتنا اچھا انتظام کرنے پر طاہر عباس، قیصر علی، محمد اسحاق، عادل ملک، زین العابدین، فیصل لطیف، وقار دانش اور الکلی کلب کے کارکن شاکر ملک اور فراز بہت ہی زیادہ تعریف کے مستحق ہیں اور سوڈا ایش بزنس آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ایمپلائز اتنا اچھا پروگرام کرنے پر اُن کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



















# شاباش آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ فائر فائٹنگ ٹیم

رپورٹر: ملک محمد امیر

24 اپریل 2017ء کو پنڈ دادن میں علامہ اقبال میونسپل پارک کے جنوب میں واقع آئل ڈپو پر کھڑے آئل ٹینکر میں اُس وقت آگ بھڑک اُٹھی جبکہ آئل ٹینکر سے آئل زمین دوز ٹینکی میں شفٹ کیا جا رہا تھا۔ آگ نے آناً فاناً پورے ٹینکر اور ملحقہ دکان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

اس پورے علاقے میں جہاں بھی آگ بھڑکتی ہے۔ تو اطلاع فوراً آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کھیوڑہ کو دی جاتی ہے کیونکہ آگ بجھانے کی سہولت اور آگ بجھانے کے پروفیشنل ٹیم صرف ہمارے ادارے کے پاس ہی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی فائر فائٹنگ ٹیم فوراً اُس مقام پر پہنچی۔ اور آگ بجھانے کا کام شروع کر دیا۔ کیونکہ یہ آئل کی آگ تھی۔ اس لیے اِس کو بجھانے کے لیے اسپیشل فوم استعمال کیا گیا۔ جو کہ لاکھوں روپے مالیت کا تھا۔ کئی گھنٹوں کی لگاتار جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پا لیا گیا۔ اس آئل ڈپو کے اردگرد گنجان آبادی، ٹمبر مارکیٹ، گورنمنٹ گرلز کالج اور علاقہ اقبال میونسپل پارک واقع ہیں۔ تصور کریں اگر آگ پر بر وقت قابو نہ پایا جاتا تو کتنا نقصان ہونے کا احتمال تھا جو کہ ناقابلِ تلافی ہوتا۔



اس موقع پر پنڈ دادن شہر سے کافی لوگ خاص طور پر چیئر مین میونسپل کمیٹی اپنے تمام کونسلرز کے ہمراہ اور ڈی ایس پی، پنڈ دادن خان، انجمن تاجران پنڈ دادن خان کے اراکین موجود رہے۔ اور ہر شخص آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی فائر فائٹنگ ٹیم کی بروقت کارکردگی کو سراہا رہا تھا اور اس ادارے کے لیے دعا گو تھا اور شکر گزار بھی۔

چیئر مین میونسپل کمیٹی پنڈ دادن خان ملک محمد محسن نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے ورکس منیجر محمد عمر مشتاق کے نام باقاعدہ شکریہ کا خط بھی لکھا۔



# سعید اقبال سیفٹی منیجر کی الوداعی پارٹی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کی نہایت خوبصورت روایت ہے کہ جب بھی کوئی ریٹائیر ہوتا ہے تو اُسے شاندار انداز میں الوداع کیا جاتا ہے۔ اسی طرح سیفٹی منیجر سعید اقبال جنہوں نے اپنی زندگی کے 27 سال سوڈا ایش کی خدمت میں گزارنے کے اعزاز میں ایک الوداعی پارٹی کا اہتمام الحیات ریسٹورینٹ پنڈ دادنخان پہ اُن کے سیفٹی ڈیپارٹمنٹ جن میں نئے آنے والے سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید کے علاوہ سیفٹی آفیسر مصدق حسین مرزا، ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر اور HSE کے تمام فائر فائیٹرز کی جانب سے کیا گیا۔ جس میں خاص طور پر ورکس مینیجر محمد عمر مشتاق اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کو مدعو کیا گیا۔ اس پارٹی میں سب سے پہلے ملک محمد امیر (فائر فائٹر) نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور سعید اقبال صاحب کی سروس کی یادوں کو اُجاگر کیا۔ اُس کے بعد ورکس منیجر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سعید اقبال کی سروس کو سراہا اور ادارے کیلئے ان کی خدمات پر اُن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس کے بعد ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے سعید اقبال کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔ اس موقع پر سعید اقبال نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈیپارٹمنٹ کے تمام ساتھیوں اور معزز مہمانانِ گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ سوڈا ایش ورکس کے تمام لوگ ایک خاندان کی طرح ہیں۔ ہمارا فائر ورکس ڈیپارٹمنٹ قرب و جوار کے علاقوں میں اپنی شاندار کارکردگی کی وجہ سے بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ لوگ اس روایت کو برقرار رکھیں گے اور کسی بھی حادثاتی موقع پر بھرپور توانائیوں کے ساتھ اس سے نبرد آزما ہوں گے اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے تقریب کے اختتام پر رانا محمد عدیل جمشید نے اپنی طرف سے سعید اقبال صاحب کو اللہ حافظ کہتے ہوئے تمام HOD اور تمام سٹاف کا شکریہ ادا کیا۔

اس روایت سے ہمارا یہ دن ایک یادگار دن رہا۔






# انٹر ڈیپارٹمنٹل ٹورنامنٹ 2017

## زیر اہتمام الکلی اسپورٹس کلب سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ



























رپورٹر: ملک محمد امیر

الکلی اسپورٹس کلب آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے زیر اہتمام انٹر ڈیپارٹمنٹل ٹورنامنٹ 10 مارچ 2017ء کو شروع ہوا۔ اس ٹورنامنٹ میں تمام ایمپلائیز (مینجرز، ورکرز، اپرنٹسز ) نے بھرپور طریقے سے حصہ لیا۔ تمام ایمپلائز کو محکمانہ ٹیموں کے ذریعے جن کو خوبصورت ناموں سے موسوم کیا گیا تھا۔ حصہ لینے کا موقع ملا۔ جن کے نام درج ذیل ہیں۔

نمبر 1 = پروڈکشن پینتھرز نمبر 2 = پروڈکشن ٹائیگرز
نمبر 3 = ایڈمن اینڈ ٹیکنیکل لیڈرز نمبر 4 = انجیرنگ لائنز

یہ ٹورنامنٹ 15 اپریل 2017ء تک جاری رہا۔ اور مندرجہ ذیل ایونٹس مختلف ٹیموں نے جیتے۔

نمبر 1 = والی بال (انجیرنگ لائنز)
نمبر 2 = فٹ بال (انجیرنگ لائنز)
نمبر 3 = کرکٹ (پروڈکشن ٹائیگرز)
نمبر 4 = رَسہ کشی (پروڈکشن پینتھرز)
نمبر 5 = بیڈمنٹن (ایڈمن اینڈ ٹیکنیکل لیڈرز)
نمبر 6 = دوڑ 100 میٹر (انجیرنگ لائنز)
نمبر 7 = اسنوکر (پروڈکشن ٹائیگرز)
نمبر 8 = کارڈز (پروڈکشن ٹائیگرز)
نمبر 9 = ٹیبل ٹینس (پروڈکشن ٹائیگرز)
نمبر 10 = کیرم بورڈ (ایڈمن اینڈ ٹیکنیکل لیڈرز)











سوڈا ایش

اس طرح انجنیئر نگ لائنز ٹیم آف دی ٹورنامنٹ قرار پائی کیونکہ اہم ایونٹس جیتنے کی وجہ سے اِس کے پوائنٹس زیادہ تھے۔ انٹر ڈیپارٹمنٹل ٹورنامنٹ 2017 کے لیے تقریبِ تقسیم انعامات 15 اپریل 2017ء کو منعقد ہوئی۔

جس میں خصوصی شرکت محمد عمر مشتاق ورکس مینجر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس نے کی۔ اُن کے علاوہ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، ایمپلائیز اور اپرنٹسز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ٹیم آف دی ٹورنامنٹ ''انجیرنگ لائنز'' کو جب ٹرافی سے نوازا گیا تو انجیرنگ ڈیپارٹمنٹ نے اس خوشی میں ڈھول پر لُڈی ڈال کر ایک سماں باندھ دیا۔

حقیقت ہے کہ انٹر ڈیپارٹمنٹل ٹورنامنٹ ایک بہت زیادہ صحت مند سرگرمی تھی جس نے کافی دِن تک سوڈا ایش بزنس پاکستان کے ماحول کو مسحور کیے رکھا۔ الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی کے چیئرمین طاہر عباس اور سیکریٹری قیصر علی اور اُن کی ٹیم اَزحد مبارکباد کی مستحق ہے جنہوں نے اپنی شبانہ روز محنت سے اس ٹورنامنٹ کو کامیاب بنایا۔

''جیتنے والوں کو مبارکباد اور نہ جیتنے والوں کو زیادہ مبارک
کیونکہ
اگر وہ نہ ہوتے تو جیتنے والے کہاں سے آتے''

تقریب کے آخر میں محمد عمر مشتاق ورکس مینجر سوڈا ایش بزنس پاکستان تمام شرکاء سے گھل مِل گئے۔ اور ایک شاندار چائے کے ساتھ یہ ٹورنامنٹ اور یہ تقریبِ تقسیم اِنعامات اپنے اختتام کو پہنچے۔

































سوڈا ایش

# موٹرسائیکل قرعہ اندازی 2017ء

رپورٹر: ملک محمد امیر





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں موٹر سائیکل لون کی سالانہ قرعہ اندازی برائے سال 2017ء 10 مئی 2017ء بروز بدھ بوقت 3 بجے ایڈمن سال میں منعقد ہوئی۔ تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس سی بی اے آفیشلز کے علاوہ ایمپلائز کی ایک بڑی تعداد نے اِس تقریب میں شرکت کی۔ موٹر سائیکل لون لینے میں کامیاب ہونے والے 16 ایمپلائیز کا تعلق آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی رہائشی کالونی (SRE) اور 17 ایمپلائیز غیر رہائشی یعنی کالونی سے باہر رہتے ہیں۔




موٹر سائیکل لون قرعہ اندازی میں نام نکلنے پر تمام کامیاب ایمپلائیز بہت خوش ہوئے اور بغل گیر ہو کر ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔ تمام ایمپلائیز کمپنی کی ترقی اور بزنس کی مضبوطی کے لیے دعا گو ہیں۔








# ماحولیات کا عالمی دن




آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں 5 جون کو ماحولیات کا عالمی دن سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کے ساتھ منایا گیا۔ اس تقریب کا باقاعدہ آغاز سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کو اپنے اس پیغام کے ساتھ کیا کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں تاکہ اپنے ماحول کو مزید خوبصورت اور آلودگی سے پاک رکھ سکیں۔ اس تقریب کے دوسرے مرحلے میں ورکس منیجر محمد عمر مشتاق، ایچ آر منیجر رضوان عزیز، ایڈمن منیجر میجر فیصل، کارپوریٹ ٹیم کے عبدالغنی، انعم حلیم، حفصہ زبیر اور سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید کے ہمراہ ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر، سیفٹی آفیسر مصدق حسنین نے ملکر ایڈمن لان میں پودا لگایا۔ ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے اس موقع کے مناسبت سے HSE ڈیپارٹمنٹ کی اس کوشش کو سراہا۔ اس تقریب کے اختتام پر سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے ورکس منیجر محمد عمر مشتاق اور اس تقریب میں شامل ہونے والے منیجرز اور کارپوریٹ سے آئے ہوئے مہمان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔

# فری کار چیک اَپ ورکشاپ

رپورٹر: ملک محمد امیر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کی طرف سے اپنے ایمپلائیز کی گاڑیوں کے فری چیک اَپ کے لیے ہاکی گراؤنڈ میں ورکشاپ کا انتظام کیا گیا۔ اس کے لیے پیرزادہ اظہر حسین شاہ IR ڈیپارٹمنٹ نے فالکن سوزوکی سرگودھا سے رابطہ کیا۔

24 مئی 2017ء کو فالکن سوزوکی سرگودھا کی 16 رُکنی ٹیم محمد عمران سیلز منیجر کی قیادت میں سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ پہنچ گئی۔ تقریباً 10 بجے سے (15:00 HRS) تین بجے تک فالکن سوزوکی سرگودھا کے میکینکس نے ایمپلائیز کی گاڑیاں چیک کیں۔ کئی گاڑیاں مرمت کی گئیں، کئی گاڑیوں کے فلٹر اور آئل چینج ہوئے۔

اس موقع پر محمد عمران سیلز منیجر فالکن سوزوکی سرگودھا نے سوزوکی کی کمپنی کی دوسری گاڑیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور سوزوکی کی نئی کلٹس باقاعدہ فری ڈرائیونگ کے لیے ایمپلائیز کو دی۔

الغرض اپنی گاڑیوں کی فری اور اپنے گھر میں چیک کروانے کا...... سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے ایمپلائیز کے پاس یہ ایک سنہرا موقع تھا۔ جس سے خُوب فائدہ اٹھایا گیا۔

بہت شکریہ۔ فالکن سوزوکی سرگودھا۔








# صحت اور رمضان پر تربیتی ورکشاپ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں ہر ماہ صحت سے متعلق ٹریننگ سنٹر میں مختلف تربیتی ورکشاپ منعقد کی جاتی ہیں۔ اس مرتبہ لیڈی ڈاکٹر عطیہ رباب نے صحت اور رمضان کے موضوع پر ایک جامع سیشن دیا جس میں تمام رفقائے کار نے حصہ لیا۔ ڈاکٹر عطیہ رباب نے اس سیشن میں رفقائے کار کو رمضان میں مناسب غذا کے استعمال اور اس کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔

انھوں نے صحت کے لحاظ سے روزہ رکھنے کے فوائد کے بارے میں بتایا اور یہ بھی بتایا کہ اس کے روحانی اور جسمانی فوائد کیا ہیں۔ انھوں نے ذیابطیس اور روزے کے چیلنج کا بھی تذکرہ کیا اور یہ بھی بتایا کہ ہم روزے کی وجہ سے اپنی غذائی عادات کو بدل کر نئی عادات اپنا سکتے ہیں۔ ڈاکٹر نے سلائیڈ اور ویڈیوز کلپ کے مدد سے شرکاء کو آگاہی دی۔ اس کے ساتھ ساتھ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ

کسی بیماری میں مبتلا حضرات ڈاکٹر سے رابطہ کر کے اپنے روزے رکھیں تا کہ انکو کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ ہو۔ ٹریننگ کے اختتام پر شرکاء نے سوالات کیے۔



# یومِ ارض اور زمین کے تحفظ کے وعدے کی دستاویز

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی 22 اپریل کو تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کے ساتھ ملکر ٹریننگ سنٹر میں ارتھ ڈے منایا گیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز سعید اقبال سیفٹی منیجر نے کیا اور تمام سٹاف کو اس دِن کی اہمیت کے بارے میں بتایا اور اس بات پر زور دیا کہ اس دن ہم اپنے پلانٹ، کمیونٹی اور اپنے اردگرد کے علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر اپنے ماحول اور زمین کو خوبصورت اور خوشگوار بنائیں۔

اس دِن کے موقع پر تمام سیفٹی ٹیمز کے لیڈز اور کورڈنیٹرز نے اپنے ایریا میں ماحول اور زمین کو صاف رکھنے سے متعلق اچھے کاموں پر اظہار خیال کیا۔ انھوں نے اپنے تمام ممبران سے عہد لیا کہ وہ پلانٹ پر اور اپنے گھروں اور کمیونٹی میں اس پیغام کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں۔

زمین کے تحفظ کے وعدے کی دستاویز کے حوالے سے ممبران نے اپنے دستخط کر کے اس بات کا عہد کیا کہ ہم اپنے پلانٹ اور اردگرد کے ماحول کی بہتری کے لیے ہر وقت سرگرمِ عمل رہیں گے۔



# 4 مئی انٹرنیشنل فائیر فائیٹرڈے 2017

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس ہر سال اپنے فائیر فائیٹرز کوانکی خدمات پرخراج تحسین پیش کرتی ہےاس سال بھی 4 مئی 2017 کوآئی سی آئی پاکستان لمیٹڈسوڈا ایش بزنس میں فائیر فائیٹرڈے منایا گیا جس میں ورکس مینجر محمد عمر مشتاق نے شرکت کی۔اس موقع پرانھوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ فائیر فائیٹرز کی کیمونٹی کیلئے خدمات کوسراہا اور ساتھ ساتھ علاقے کے سرکاری دفاترز سے ملنے والے تعریفی خطوط کے بارے میں بتایا جس میں پنڈ اڈنخان میں لگنے والی آگ کو ہمارے سوڈا ایش بزنس کے فائر فائیٹرز نے جس طرح حوصلہ اور جرت سے کنٹرول کیا وہ سوڈا ایش بزنس کے لیے قابل تحسین بات ہے۔یادرہے کہ کھیوڑہ اوراردگرد کے علاقوں میں کسی بھی قسم کی آگ سے تحفظ کا کوئی معقول اور مناسب نظام اور بندوبست نہیں ہے۔علاقے کی تمام آبادی ،کاروباری ادارے بشمول حکومتی ادارے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی فائر فائٹنگ ٹیم کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر انحصار کرتے ہیں۔واضح رہے کہ کھیوڑہ صوبہ پنجاب کے دور دراز علاقوں میں سے ایک ہے۔قریب ترین بہترسہولیات سے آراستہ شہر جہلم اور سرگودھا ہیں۔



اس کے بعد سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے ورکس منیجر محمد عمر مشتاق کا شکریہ ادا کیا اورتمام فائیر فائیٹرز ٹیم کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اپنے کام کواسی دِل جمعی سے کرنے کی پرزوردیا۔

ورکس منیجر محمد عمر مشتاق اور سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے اس تقریب کا اختتام اس پیغام کے ساتھ کیا!

well done Fire Fighters

# رویوں کی بنیاد پر سیفٹی تربیتی ورکشاپ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں تمام مینجمنٹ اسٹاف کورویوں کی بنیاد پر سیفٹی (BBS) کاایک تربیتی سیشن ٹریننگ سنٹر میں کروایا گیا۔اس تربیتی سیشن کے ٹرینز سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید تھے۔اس تربیتی نشت میں رانا محمد عدیل جمشید نے رویوں کے بنیاد پر بتایا ہم کس طرح پلانٹ پر حادثات کوکنٹرول کرسکتے ہیں۔اس تربیتی سیشن میں انھوں نے اس بات کی اہمیت پر بھی زور دیا کہ ہم BBS کے اہم اصولوں پر عمل کر کے پلانٹ پر غیر محفوظ عمل اور غیر محفوظ صورتحال پر بھی قابو پا سکتے ہیں۔اوراگر کام کرنے والے کا رویہ محتاط ہو تو ہم حادثات سے ممکنہ طور پر بچ سکتے ہیں۔اور ہم یہی سیفٹی اصول اپنی ذاتی زندگی میں بھی اپنا کر اپنے اہل وعیال کے ساتھ بہتر زندگی گزار سکتے ہیں۔اس تربیتی نشست میں سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل نے سلائیڈ اور ویڈیو کلپ کی مدد سے مینجمنٹ اسٹاف کو آگاہی دی۔اس تربیتی ورکشاپ کی خاص بات ٹریننگ کے اختتام پر تمام شرکاء سے خطرات کی نشاندہی پر علمی مشق کروائی گئی ۔ مینجمنٹ اسٹاف نے سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید سے پلانٹ پر سیفٹی کی بہتری سے متعلق مختلف سوالات بھی کیے جس پر انکو سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے جوابات دیکر مطمئن کیا۔تمام شرکاء نے تربیتی سیشن کے آخر میں سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید کا شکریہ ادا کیا اور اس تربیتی ورکشاپ کوسراہا۔



# سوڈا ایش سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز میٹنگ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش پلانٹ پر سیفٹی کی ترقی کے لیے عرصہ دراز سے ٹیم ورک کے اصولوں پر کام ہو رہا ہے۔اس سے تمام رفقائے کار میں ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے سوڈا ایش پلانٹ پر 6 ٹیمیں ہیں جو سیفٹی امپرومنٹ کے لیے ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں مصروف عمل ہیں یہ ٹیمیں اپنی خود احتسابی کر کے اپنے ایریا کوبہتر سے بہتر بنا کر اسکا تذکرہ مشترکہ میٹنگ میں کرتی ہیں۔

اس مرتبہ سال کے پہلے ماہ تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کی مشترکہ میٹنگ ہوئی جس میں تمام ٹیم لیڈر نے شرکت کی۔اس میٹنگ میں سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل جمشید نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے SITs Team کی کارکردگی کوسراہا اور سب سے اس بات کا عہد لیا کہ جس طرح سے ہم پلانٹ پر سیفٹی کے اصولوں پر عمل کررہے ہیں کہ آگے بھی ہم انہی اصولوں پر عمل کر کے ہم سوڈا ایش سال 2017 کوانجری فری بنائیں گے۔



رپورٹر: ملک محمد امیر

# حاجی شہزاد یونس



میرا نام حاجی شہزاد یونس ہے۔ میرے والد محترم محمد یونس آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں سیکیورٹی گارڈ تھے۔ وہ 06 جون 1993ء کو اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے فوت ہوئے۔ ہماری کمپنی نے کمال مہربانی اور شفقت کا سلوک کرتے ہوئے 02 جولائی 1993ء کو مجھے بطور پراسس ہیلپر بھرتی کرلیا۔ وقت گزرنے کے ساتھ مجھے کمپنی ایش وئر ہاؤس میں پیکر اینڈ سینئر بنایا گیا۔ کمپنی انتظامیہ نے میری محنت اور کام سے لگن کو دیکھتے ہوئے مجھے کمپنی کی کوالٹی ایشورنس لیبارٹری میں ٹرانسفر کردیا۔ مجھے لیبارٹری کے اندر بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔ لیبارٹری سے مجھے DA پلانٹ پر ٹرانسفر کیا گیا۔ اَب میں بطور DA پلانٹ آپریٹر کام کررہا ہوں۔

میں شادی شدہ ہوں۔ میرے 2 بیٹے اور 2 بیٹیاں ہیں۔ میں کمپنی میں اپنی جاب اور اپنی زندگی کے انداز سے خوش اور مطمئن ہوں۔ میری دعا ہے کہ ہماری کمپنی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ خُوب پھلے پھولے۔ اتنی ترقی کرے کہ آنے والی کئی نسلوں کو ہماری طرح یہاں سے رزق نصیب ہو۔ (آمین)

# آئی سی آئی سوڈا ایش ورکس۔ تیسری نسل کے ساتھ

## عمر اِظہار



## حاجی اِظہار الحق



## حاجی ملک محمد یعقوب



میرا نام عمر اظہار ہے میں نے ابتدائی تعلیم پرائمری گورنمنٹ مڈل اسکول کھیوڑہ میں حاصل کی اور میٹرک کی تعلیم مثالی راوین سرگودھا سے حاصل کی۔ کمپیوٹر ہارڈ ویئر اور سروے کے کورسز کی تعلیم حاصل کی۔ اس کے بعد SSE میں اسٹور کواڈ نیٹر اور تقریباً عرصہ 2 سال آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش ورکس بطور عارضی سیفٹی انسپکٹر کام کیا۔

10 مارچ 2016ء کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش فیکٹری کھیوڑہ بحیثیت پلانٹ آپریٹر بطور مستقل ورکر جوائن کیا اور اب متبادل توانائی کے منصوبے پر اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہوں۔ مجھے اپنے والدین سے محنت - دیانتداری اور اپنا منصب ذمہ داری سے ادا کرنا وراثت میں مِلا۔ میں اپنے خاندان کی تیسری نسل سے ہوں جو اس وقت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی خدمت پر مامور ہوں۔ اس سے پہلے میرے والد حاجی اظہار الحق نے 1975ء میں بطور انجیئر نگ ہیلپر جوائن کیا۔ اپریل 1978ء کو بوائلر اٹنڈنٹ پر مامور ہوئے۔ پھر جنوری 2003ء میں بطور پاور سروسز آفیسر پروموٹ ہوئے اور اس ذمہ داری کو نبھاتے ہوئے 30 جولائی 2014ء کو سروس سے ریٹائر ہوئے۔

میرے دادا ابو حاجی محمد یعقوب نے بطور سینئر مشین فٹر پلانٹ A آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش ورکس میں خدمات سرانجام دی۔

مزید میرے چچا حاجی انوار الحق اس وقت سی سی ار میں بطور پروڈکشن آفیسر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

اس کے علاوہ 1970ء کے عشرہ میں جب آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ میں لیڈی ویلفئر سینٹر کا قیام ہوا تو اُس وقت میری دادی نے بغیر معاوضہ کے تقریباً دس سال خدمات سرانجام دیں۔

ہم سب آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سے بہت مطمئن ہیں اور اس کمپنی کے ساتھ کام کرتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں۔

انشاءاللہ: میں بھی اپنے آباؤ اجداد کی طرح اس ادارے میں محنت کے بل بوتے پر ترقی کا خواہاں ہوں۔ جس کے لیے بہت ساری منازل ستاروں کی طرح میرے سامنے جلوہ فگن ہیں۔

میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس دن دُگنی رات چوگنی ترقی کے لیے دُعا گو ہوں۔

# امیر حسن خان



میرا نام امیر حسن خان ہے۔ میرا تعلق میانوالی سے ہے۔ 2004ء میں میانوالی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اور 2007ء میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے کیمیکل ٹیکنالوجی میں 03 سالہ ڈپلومہ (پاس کیا) حاصل کیا۔ 2008ء میں بطور یوریا پلانٹ آپریٹر پاک امریکن فرٹیلائزرز لمیٹڈ میں ملازمت اختیار کی۔ دورانِ ملازمت / سروس Dr. A.Q.Khan میں داخلہ لیا اور 2016ء میں کیمیکل انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی۔ 2016ء میں پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (Adhi Field) میں ''LPG Recovery'' پلانٹ پر بطور ''Boardman'' کام کیا۔ اس دوران میری سیلیکشن آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے متبادل توانائی کے منصوبے پر بطور ٹربائن آپریٹر ہوئی۔ اس ادارے میں کام کرتے ہوئے ایک سال مکمل ہوگیا ہے۔ اِس عرصے میں مجھے بہت کچھ نیا سیکھنے کو ملا۔

میری دعا ہے کہ ادارہ پھلتا پھولتا رہے۔ اور ورکرز کی بہتری کیلئے مزید اچھے اقدامات کرتا رہے۔ (آمین)

# چیمپئنز آف فائبرز کی تقریب

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ویژن کو مدنظر رکھتے ہوئے گزشتہ سال فائبرز ٹیم نے پلانٹ اور کوالٹی کی بہتری کے لئے بہت سے اقدامات اٹھائے جن میں پروڈکشن، انجینئرنگ اور ورکشاپ کی ٹیموں نے بہترین مقاصد کے حصول کے لئے مل کر کام کیا۔ مجموعی طور پر اٹھارہ سیفٹی، آٹھ انرجی کنزرویشن، تیرہ کوالٹی امپرومنٹ اور تیرہ پراجیکٹ مشینوں کی بہتری کے لئے پایہ تکمیل تک پہنچائے۔ پراجیکٹس کی یہ تعداد پچھلے سالوں میں ہونے والے پراجیکٹس کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ بات چاہے خطرات کو کم کرنے کی ہو، انرجی کنزرویشن کی ہو یا کوالٹی کی بہتری کے لئے ہو، فائبرز ٹیم کے ہر ممبر نے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ان پراجیکٹس میں بھرپور حصہ لیا اور تمام پراجیکٹس کی تکمیل کے لئے دن رات بھرپور محنت کی۔

فائبرز ٹیم کی انہیں انتھک کوششوں اور ان سے حاصل ہونے والے نتائج کی بھرپور حوصلہ افزائی کے لئے ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جسمیں ورکس منیجر خالد محمود، پروڈکشن منیجر وسیم احمد قریشی کے علاوہ تمام سیکشن کے سربراہان کے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا اس کے بعد تمام حاضرین کو فائبر پر لئے جانے والے اقدامات ایک وڈیو کی شکل میں پیش کئے گئے۔ تمام معززین نے ان اقدامات سے کمپنی اپنے مقاصد حاصل کرسکتی ہے، تمام شرکاء کو بتایا گیا۔ سب سے زیادہ سراہے جانے والے پراجیکٹس میں ڈرالائن-5 کے پیچھے کنڈنسیٹ کی لائنوں کی جگہ تبدیل کرنے والے پراجیکٹس اور بیلر-6 پر سیفٹی کی بہتری کے پراجیکٹ تھے۔

فائبرز ٹیم نے اسی سلسلے تقریب میں ہاؤس کیپنگ ایوارڈ جیتنے پر جشن منایا۔ سپننگ کا ایریا اس مہینے کی بہترین ہاؤس کیپنگ کا فاتح قرار پایا تھا۔

ٹیم ممبران اور اسٹاف کی حوصلہ افزائی کے لئے فائبرز ٹیم (گروپ سی) کی گزشتہ ماہ بہترین کارکردگی کی بنیاد پر فائبرز ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایک پر تکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس میں گروپ سی کے تمام ممبران کے علاوہ پلانٹ منیجر فائبرز اور انجینئرنگ ٹیم کے افراد نے شرکت کی۔

کھانے کا انتظام لاہور کے ایک بہترین ریستوران میں کیا گیا














جہاں انواع و اقسام کے کھانے تمام افراد نے محظوظ ہو کے کھائے۔ کھانے کے بعد پلانٹ منیجر فائبرز خرم شہزاد اور شفٹ منیجر فائبرز شورب رضا نے ٹیم کے لئے تعریفی کلمات کہے اور ٹیم کی انتھک محنت اور کوششوں کو سراہتے ہوئے بہترین کارکردگی کے سرٹیفیکیٹ سے نوازا۔

اسی سلسلے کی ایک اور کاوش جس کا نام ''وال آف چیمپئنز'' کا افتتاح بھی کیا گیا۔ جس میں بہترین کارکردگی دکھانے والے گروپ کا سرٹیفکیٹ آویزاں کیا جائے گا۔ تا کہ ان تمام افراد کی حوصلہ افزائی ہو سکے جنہوں نے فائبرز ایریا میں اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

# ایجوکیشن اسسٹنس برائے سال 2017

پولیسٹر برنس میں یونین منیجمنٹ ایگریمنٹ کے تحت ہر سال ایمپلائز کے نرسری تا میٹرک تعلیم حاصل کرنے والے 40 بچوں کو ایجوکیشن اسسٹنس کی مد میں مبلغ 10,000 روپے دیئے جاتے ہیں۔ اس سال ایجوکیشن اسسٹنس کیلئے صرف 24 ایمپلائز اہل تھے جو بغیر قرعہ اندازی کے کامیاب قرار پائے۔ مورخہ 11 مئی 2017 کو باقی 16 ایجوکیشن اسسٹنس کیلئے ان 59 ایمپلائز کی قرعہ اندازی کروائی گئی جو ایک دفعہ اس سکیم سے استفادہ حاصل کر چکے تھے۔







# عطاءالرحمٰن سکول آف اپلائیڈ بائیوسائینسز

عطاءالرحمٰن سکول آف اپلائیڈ بائیوسائینسز (ASAB-NUST) نسٹ اوپن ہاؤس میں سرن فارماسیوٹیکلز کی نمائندگی






پاکستان میں اب تعلیمی اداروں اور صنعتی اداروں کے درمیان تعلقات کی ضرورت پر بہت زیادہ بات ہونا شروع ہوگئی ہے جو ماضی کو دیکھتے ہوئے ایک بالکل منفرد بات لگتی ہے۔ بہرحال آج کے جدید تقاضوں کو دیکھتے ہوئے اس تعلق کی افادیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ جاتی ہے جب بات ادارہ جاتی سماجی ذمہ داری کے حوالے سے کی جانے لگے۔ اسی تصور کو مدنظر رکھتے ہوئے 23 مئی 2017 کو پاکستان کے معروف تعلیمی ادارے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ذیلی ادارے عطاءالرحمٰن سکول آف اپلائیڈ بائیوسائینسز (ASAB-NUST) کے زیر اہتمام ایک اوپن ہاؤس ڈے کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں دیگر نامور ملکی اداروں کے ساتھ سرن فارماسیوٹیکلز کو بھی مدعو کیا گیا۔

دیگر مدعوئین میں ورلڈ وائلڈ لائف فاؤنڈیشن، اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں، این جی اوز کی کیمیکلز کی پیداوار اور کاروبار سے منسلک ادارے، صحت عامہ اور ادویہ سازی سے منسلک ادارے بھی شامل تھے۔ سرن فارماسیوٹیکلز کی نمائندگی اس تقریب میں منصور خان ٹیم لیڈ ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے کی۔ اس تقریب کی خاص اور اہم

بات ادارے سے فارغ التحصیل 46 طلبہ اور طالبات کے فائنل پرجیکٹ کی نمائش بھی تھی۔ اس سلسلے میں ایک جیوری بھی قائم کی گئی جس نے بہترین پروجیکٹس کا انتخاب کرنا تھا۔

مدعو کردہ اداروں میں سے چند منتخب اداروں کو حاضرین سے خطاب اور گفت وشنید کا موقع بھی ملا جن میں سرن فارماسیوٹیکلز بھی شامل تھی۔ سرن فارماسیوٹیکلز کی نمائندگی کرتے ہوئے منصور خان ٹیم لیڈ ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے حاضرین سے موضوع کے حوالے سے گفتگو کی اور حاضرین کے سوالات کے جواب دیئے۔ مقاصد کے حصول کے اعتبار سے یہ ایک اہم تقریب تھی جس کے دورس نتائج مرتب ہونے کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔

ملکی ترقی اور تعمیر کیلئے اور ایک بہترین پیداواری صلاحیت کی حامل ٹیم کو مرتب کرنے کے لئے سرن فارماسیوٹیکلز جیسے کاروباری اداروں اور نسٹ جیسے ممتاز تعلیمی اداروں کی فیکلٹی اور ایلومینائی کے اس طرح کے دوطرفہ رابطوں کی ضرورت آج پہلے سے کہیں زیادہ محسوس کی جارہی ہے۔ اس طرح کی تقریبات سے نئے فارغ ہونے والے طلبہ کو میدان عمل میں قدم رکھنے سے پہلے ایک بہترین قسم کی رہنمائی حاصل ہوتی ہے جو ان کی پیشہ ورانہ زندگی میں ہمیشہ ان کے کام آتی رہتی ہے مقاصد کے حصول کیلئے۔ ضرورت اس امر کی ہے ہر سطح پر اس طرح کی تقریبات کا اہتمام کیا جائے اور اس رابطے کو مزید بڑھا کر کارآمد کیا جائے۔

# محمد نواز اسسٹنٹ فورمین مکینیکل

گوجرانوالہ کے ایک نواحی قصبہ سے تعلق رکھتا ہوں ں ابتدائی تعلیم گوجرانوالہ سے حاصل کی۔ اس کے بعد ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ کھاریاں سے ایک سالہ مکینیکل ڈپلومہ حاصل کیا۔ شروع میں گوجرانوالہ میں رہائش پذیر تھا۔ بعد ازاں سرن جوائن کی تو واہ کینٹ میں رہائش اختیار کرلی۔ میرے چار بھائی اور چار بہنیں ہیں۔ ایک بھائی فیشن ڈیزائنر ہے جو گوجرانوالہ میں اپنا کام بخوبی سرانجام دے رہا ہے۔ میرے تین بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں۔ میری انتھک محنت کی وجہ سے آج الحمدللہ بڑا بیٹا مکینیکل انجینئر ہے اور بیٹی فارم ڈی کی تعلیم حاصل کررہی ہے۔

میں نے بطور مشینسٹ 1996ء میں سرن جوائن کی۔ اُس وقت سرن کا پلانٹ چھوٹے پیمانے پر کام کررہا تھا۔ اور نہ ہی اُس وقت مجھے فارما کی فیلڈ کا اتنا تجربہ تھا۔ میں اپنے سینئر انجینئر فیض اللہ صاحب سے گائیڈنس لیتا رہا۔ میں نے سرن میں انتھک محنت کرکے ناممکن کام کو بھی ممکن بنانے کی کوشش کی۔ جس کی وجہ سے میں اپنے شعبے میں مہارت حاصل کرتا رہا اور مکینیکل سپروائزر کے عہدے پر ترقی پاگیا۔

وقت کے ساتھ ساتھ سرن نے بھی ترقی کی منازل طے کیں۔ میں اپنی مہارت کی وجہ سے مشکل کام کو بخوبی سرانجام دینے کی کوشش کرتا رہا۔ اپنی محنت کی وجہ سے میں اسسٹنٹ فورمین کے عہدے پر فائز ہوگیا۔ بطور اسسٹنٹ فورمین اپنی ٹیم کو لیڈ کرتے ہوئے پلانٹ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے دن رات کوشاں ہوں۔ اس میں میری ٹیم بھی میرے شانہ بشانہ ہے۔ مستقبل میں بھی محنت کرکے سرن کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے کوشاں رہونگا۔

انشاءاللہ



# سرن فارما ایچ آر (HR) ٹیم کا ایک دن پلانٹ میں

مورخہ 30 جون 2017 کو سرن ہیڈ آفس سے ایچ آر ٹیم کا ایک دن کا پلانٹ کا دورہ ترتیب دیا گیا۔ اس دورے کا بنیادی مقصد ہیڈ آفس اور پلانٹ کے ورکرز اور دیگر کارکن ساتھیوں کے باہمی تعلق کے قائم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کے کاموں کے بارے میں پائے جانے والے احساسات کو سمجھنا اور کام کے دوران پیش آنے والی دشواریوں کے حل کیلئے تبادلہ خیال کرنا بھی تھا۔ یہ بہرحال دونوں اطراف کیلئے ایک دلچسپ، بھرپور اور پرجوش تجربہ تھا۔ اس ضمن میں چار افراد پر مشتمل ہیڈ آفس کی ایچ آر ٹیم نے مذکورہ دن پلانٹ کا دورہ کیا۔



طے شدہ منصوبہ بندی کے حساب سے ٹیم کو مختلف امور کی انجام دہی کیلئے مختلف شعبوں میں تعینات کیا گیا۔ جن میں پلانٹ میں داخل ہونے، سیکورٹی چیک سے لے کر پلانٹ سے تیار شدہ اشیاء کے گودام تک میں کام کرنے کی ذمہ داری نبھائی گئی، جس میں نہایت عمدگی کے ساتھ ہر شعبہ کے کام کو مکمل تفصیل کے ساتھ منصوبہ بندی سے تکمیل کے مرحلے تک سمجھنے کی کوشش کی گئی۔ شعبہ ایچ آر کی اس کاوش کو بہت عمدگی سے سراہا گیا۔ ٹیم کے ہر فرد نے ایک سے دو گھنٹے ہر شعبہ میں برابری کی سطح پر جا کر ورکرز اور دیگر ساتھیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کام کیا اور ان کی طرف سے کی گئی کوششوں کی تعریف کی۔

خرم عزیز سربراہ شعبہ ایچ آر نے شعبہ کوالٹی کنٹرول اور کوالٹی اشورنس میں متعین ذمہ داری نبھائی، محمد ذیشان نے سیکورٹی، ٹائم آفس اور کچن میں کام کیا اور طعام اور دیگر اشیاء خورد و نوش کے لوازمات اور انتظام کو سمجھنے کی کوشش کی۔ ٹیم کی خاتون ممبر عاتکہ صدف نے فرنٹ ڈیسک آفس میں بطور ریسپشنسٹ اور ٹیلی فون آپریٹر روزمرہ کے امور سرانجام دیئے اور اس کے علاوہ پروڈکشن کے شعبے میں بھی کام کیا۔ ایچ آر ٹیم ممبر منصور خان کو فنشڈ گڈز ویئر ہاؤس سمیت شعبہ ہاؤس کیپنگ، آپٹیکل چیکنگ، انجینئرنگ اور پیکجنگ کے شعبوں میں مستعدی کے ساتھ کام کرنے اور گھلنے ملنے کا موقع ملا جس سے وہ بھرپور طریقے سے لطف اندوز ہوئے۔ مجموعی طور پر سب ممبران یکساں طور پر بخوبی ہر ہر مرحلے سے لطف اندوز ہوتے رہے۔

اس تمام تر مصروفیت سے بھرپور کارروائی کا مجموعی تاثر ناقابل بیان حد تک خوشگوار اور متاثر کن رہا۔ لوگ ایک دوسرے کے قریب ہوئے، درپیش مسائل کو سننے کا موقع ملا، ایک دوسرے سے واقفیت بڑھی، ایک دوسرے کے بارے میں خاطر خواہ آگاہی گہرائی سے بلاتکلف برابری کی سطح پر مختلف النوع قسم کے گروپس اور لوگوں میں گھل مل جائیں۔ بہرحال یہ میل جول ہر لحاظ سے دو طرفہ ثابت ہوا جس میں خیالات کا کھل کر اظہار کیا گیا اور اس میل



جول کا ایک بڑا مقصد لوگوں اور مختلف شعبوں کے درمیان، بلا کسی روک ٹوک کے فعال رابطہ کاری میں اضافہ بھی تھا۔ بلاشبہ یہ صدق دل سے ایک پرخلوص کوشش تھی جس کے ذریعے لوگوں کی باہمی حساسیت کو اجاگر کرنے اور اس کا احترام کرنے کی کوشش کی گئی۔ بنیادی تصور اور نظریہ جو اس تمام تر کوشش کے پیچھے کارفرما تھا وہ آج



کی عملیت پسند تجارتی اور معاشرتی زندگی کے مسلمہ رہنما اصول کے طور پر ہر سطح پر جانے جانے والے باہمی شراکت داری کے اصول پر مبنی تھا۔ اس ضمن میں ادارہ جاتی ترقی، افزائش اور بڑھوتری کے پہلوؤں کا بھی بلاتفریق خیال رکھا گیا۔





ہیڈ آف پلانٹ آپریشنز جناب خرم مناف نے بھی نہایت فراخ دلی اور خندہ پیشانی سے اس تمام تر کارروائی کو انتہائی اعلیٰ درجے کے عمدہ الفاظ میں سراہا، اس کی تعریف کی اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات کو لوگوں کو اور مختلف شعبوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں بہت اہمیت حاصل ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کو گاہے بگاہے دوہراتے رہیں تا کہ لوگ یکجان اور یکسو ہو کر، دل و جان سے سرن آئی سی آئی کے کاروباری، معاشی، معاشرتی اور تجارتی مقاصد کے حصول کے لئے کام کر سکیں۔ تا کہ ہم سب کا مشترکہ ادارہ جلد از جلد اپنے سیکٹر میں پیشہ ورانہ قیادت حاصل کرے اور دوسرے مسابقتی اداروں کے لئے مشعل راہ ثابت ہو۔



حاصل ہوئی۔ لوگوں نے آنے والے وقت سے وابستہ اپنی اُمیدوں کے بارے میں بات کی، اپنے خدشات کا کھل کر اظہار کیا۔ جو عموماً اس طرح کے میل جول کے عمل کیلئے ایک لازمی اور فطری حصہ سمجھا جاتا ہے، جب بھی شعبہ ایچ آر کے لوگ اس طرح

ایگری ڈویژن۔فصل شاندار، کاشتکار خوشحال

# سبزیوں کیلئے ماحول دوست بیگز

رپورٹ: انعم شاکر

اجتماعی سماجی ذمہ داری نبھانا آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی بنیادی اقدار میں شامل ہے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا حصہ ہونے کے سبب ہم سب HSE&S کے اصولوں پر عمل کرنے کے پابند ہیں اور یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ صحت، حفاظت اور اچھے ماحول کو برقرار رکھنے کی پوری پوری کوشش کریں۔

اس سلسلے میں ویجٹیبل سیڈ ڈویژن نے صارف کیلئے مارکیٹ میں ایک انوکھا قدم اٹھایا جس میں فارمرز اور آڑھتیوں کیلئے جو سبزیوں کے عارضی اسٹاک کیلئے پلاسٹک شاپنگ بیگ استعمال کرتے ہیں، ان کی جگہ ماحول دوست بائیو ڈی گریڈ ایبل بیگز متعارف کروائے ہیں۔کاشتکار کھیتوں میں فصل کی کٹائی کے بعد عموماً سبزیوں کو شاپنگ (پولی تھین) بیگز میں اسٹور کر لیتے ہیں اور انہیں آڑھتیوں کو فروخت کرنے کیلئے سبزی منڈی لیجاتے ہیں۔ یہ پلاسٹک شاپنگ بیگ سبزیوں کو عارضی طور پر اسٹور کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں جو ہمارے ماحول پر برے اثرات مرتب کرتے ہیں اور آلودگی کا باعث بنتے ہیں۔

اس لئے ماحول کے تحفظ کیلئے ایک چھوٹے سے قدم کے طور پر ہماری ٹیم نے فارمرز کے درمیان ٹماٹر کی اقسام F 1225 اور Okr F1 803 کی پروڈکٹ برانڈنگ کے ساتھ ماحول دوست بائیو ڈی گریڈ ایبل بیگز تقسیم کیئے ۔ٹیم نے فارمرز اور آڑھتیوں کو ماحول دوست بیگز کے فوائد سے آگاہ کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ کھیتوں میں ان بیگز کا ہی استعمال کریں گے۔ان بیگز کی خاصیت یہ ہے کہ کھلی فضاء اور دھوپ میں ایک مخصوص عرصے تک رہنے کے بعد خود بخود ضائع ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے سیوریج کی نالیوں اور دیگر جگہوں پر رکاوٹ اور گندگی کا باعث نہیں بنتے اس وجہ سے انھیں ماحول دوست بیگز کہا جاتا ہے۔





اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# کسٹمرز کا دورہ بنکاک

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل احمد خان




آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے لائیو اسٹاک کے شعبہ نے اپنے معاون ادویات کے کسٹمرز کو بینکاک کے تفریحی دورہ پر لیجانے کا اہتمام کیا۔اس تفریحی دورے کا مقصد ان کسٹمرز کی اعلیٰ کارکردگی کا اعتراف کرنا تھا جنہوں نے یکم جولائی 2016 سے 31 اگست 2016 کے عرصے میں دو ملین روپے سے زیادہ کا کاروبار کیا اور ہمارے اور کسٹمرز کے تعلقات کو مضبوط تر کیا۔

دورے کے آغاز پر پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر شکیل احمد نے استقبالیہ تقریر کی۔اس کے بعد نیشنل سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ منیجر ملک محمود اعوان نے حکمتِ عملی کی منصوبہ بندی اور جائزہ میٹنگ منعقد کی جس میں کسٹمرز کو کاروبار سے متعلق اپنے خیالات کے اظہار کی دعوت دی گئی اور دریافت کیا گیا کہ وہ مستقبل میں ہمارے ساتھ کتنی رقم کے کاروبار کا ارادہ رکھتے ہیں۔علاوہ ازیں کسٹمرز کو بھرپور تفریح فراہم کرنے کی غرض سے مختلف تفریحی سرگرمیوں جیسے پیرا گلائیڈنگ اور ساحلِ سمندر کی سیر کے پروگرام ترتیب دیئے گئے۔



مجموعی طور پر یہ دورہ انتہائی کامیاب رہا کہ اس میں کسٹمرز کی شمولیت اور ان سے گہرے روابط قائم کرنے کے ساتھ ساتھ مستقبل کے کاروباری مواقع کی حکمتِ عملی تیار کرنے میں مدد ملی۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# نگر پارکر میں ڈیورمنگ کی مہم

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل احمد

"باقاعدہ ڈیورمنگ۔صحت مند جانور بہتر پیداوار" آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ ڈویژن کی پاکستان بھر میں لائیو اسٹاک فارمرز کو خدمات کی فراہمی اور ڈیورمنگ مہم کے انعقاد کی طویل تاریخ ہے۔ڈیری کے جانوروں کی بڑی تعداد انفیکشن کی بیماری کا شکار ہوتی ہیں اس لئے ان کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے ڈیورمنگ نہایت موثر ذریعہ ہے۔

ڈیورمنگ کے شیڈول اور مختلف بیماریوں کے بارے میں آگہی پیدا کرنے کی حکمتِ عملی تیار کی جاتی ہے تاکہ مویشیوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیلئے چھوٹے فارمرز کو آگہی فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ ڈویژن نے ہمیشہ فارمرز کے اجتماعات اور ڈیورمنگ مہم کے ذریعہ فارمرز میں آگہی پیدا کرنے میں گہری دلچسپی لی ہے۔

اس مرتبہ آگہی کے فروغ کے سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے ورلڈ وائیڈ فنڈ (W W F) کے اشتراک سے نگر پارکر (سندھ) میں ڈیورمنگ کی مہم کا انعقاد کیا۔اس کا مقصد پاکستان میں چھوٹے فارمرز کو بھی آگہی فراہم کرنا تھا۔نگر پارکر ایک دوردراز ریگستانی اور پسماندہ علاقہ ہے اس لئے یہاں پر بڑی تعداد میں چھوٹے اور بڑے جانور حشرات الارض سے متاثر ہوجاتے ہیں جس سے ان کی پیداواری استعداد کم ہوجاتی ہے اور اس طرح مالکان کو مالی نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

اس علاقہ میں ڈیورمنگ کی تین روزہ مہم کا انعقاد کیا گیا جہاں نگر پارکر کے علاقے کے 8 گاؤں کے 6000 جانوروں کی ڈیورمنگ کا ہدف مقرر کیا گیا۔ان جانوروں میں بھیڑ، بکریاں، گائیں اور اونٹ شامل تھے جو بیرونی اور اندرونی مسائل سے متاثر تھے۔ہم نے وسیع رینج میں پیٹ کی کیڑے ماردوا Anthelmintic کا استعمال کیا جو جانور کے جسم میں موجود ہر طرح کے طفیلی حشرات کا خاتمہ کرتی ہے۔مختصر یہ کہ ڈبلیوڈبلیوایف اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ حیدرآباد ٹیم کی یہ مشترکہ کاوش بے حد کامیاب رہی جنہوں نے ایک دوردراز مقام پر اس کا اہتمام کیا اور فارمرز کو ہماری اہم پروڈکٹس کے بارے میں آگہی فراہم کی۔کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ آپ کا مویشی آپ کا سرمایہ ہے۔









اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# ٹیکنیکل ٹریننگ سیشن اور الانکو ٹیم کا مارکیٹ کا دورہ

رپورٹ: ڈاکٹر رضوان افضل

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز بزنس، پولٹری شعبہ کی مارکیٹنگ ٹیم نے الانکو کے اشتراک سے ایک ٹیکنیکل ٹریننگ سیشن کا اہتمام کیا جو پرل کونٹی نینٹل، لاہور میں منعقد ہوا۔ الانکو کے ٹیکنیکل کنسلٹنٹ ڈاکٹر احمد الشفیع نے چوزوں میں نظام تنفس کی بیماری اور اس کی درستی کی اہمیت کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی اور Pulmotil AC , Tylan, Maxus اور Maxiban کی منفرد خصوصیات کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا جس سے سیلز ٹیم کی معلومات اور اہلیت میں اضافہ ہوا۔

ٹریننگ کے دوسرے روز الانکو کے برانڈ منیجر رمزی عیسیٰ نے الانکو پروڈکٹس کی معاشی اہمیت، ہماری پروڈکٹس کی مارکیٹ میں دستیاب دیگر پروڈکٹس پر فوقیت، الانکو برانڈ کے لئے سرمایہ کاری اور خالص پروڈکٹس اور برانڈز میں فرق کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی۔ اس روز رول پلے کی سرگرمی کا بھی انعقاد ہوا اور اس کے بہترین شرکاء میں تحائف تقسیم کئے گئے۔



تیسرے روز الانکو ٹیکنیکل ٹیم اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پولٹری ٹیم نے اسلام آباد میں کسٹمرز سے ملاقات کیلئے مارکیٹ کا دورہ کیا۔ اس سلسلے میں ٹیموں نے اسلام آباد فیڈ کے جنرل منیجر پروڈکشن ڈاکٹر منور سے ملاقات کی اور نظام تنفس کی درستی کی اہمیت کے علاوہ Mycoplasma synoviae کی معاشی اہمیت کے بارے میں تفصیلی گفت وشنید کی۔ علاوہ ازیں ہم نے جدید فارمز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی پروڈکشن اور سیلز ٹیم کے ساتھ ایک ان ہاؤس ٹریننگ کا سیشن بھی کیا جس میں ان کی پروڈکشن اور سیلز ٹیم کے 20 افراد نے شرکت کی اس موقع پر الانکو کے ٹیکنیکل کنسلٹنٹ ڈاکٹر احمد الشفیع نے چوزوں کے تنفس کی درستی اور نظام تنفس کو متاثر کرنے والی مختلف بیماریوں کے بارے میں ایک مختصر گفتگو کی۔



ان کے علاوہ ہم نے ایس بی چکس کی پروڈکشن ٹیم سے بھی ملاقات کی اور ان کو Pulmotil AC کی افادیت اور اس کے استعمال کی ترغیب دی۔ ایس بی چکس کے مالک ڈاکٹر صادق نے کہا کہ وہ Pulmotil AC کے استعمال کا آغاز تجرباتی طور پر ایک چھوٹے بریڈر کے گلہ پر کریں گے۔

چوتھے روز ہماری ملاقات اولمپیا پولٹری فارم کے پروڈکشن منیجر ڈاکٹر جاوید اقبال، صابر پولٹری کے سی ای او۔ ایف ایم صابر اور ایشیاء گروپ کے سی ای او احمد حسن چوہدری سے ہوئی جن سے چوزوں کے نظام تنفس کی درستی اور Mycoplasma synoviae کے معاشی اثر کے بارے میں گفتگو ہوئی۔ ہم ان کو Mycoplasma synovia کو مانیٹر کرنے اور مستقبل میں گلہ کے نظام تنفس کی درستی کیلئے بہتر اقدامات کرنے پر قائل کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ آخر میں سی پی پاکستان کی پروڈکشن ٹیم کے ساتھ ایک ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا مختصر یہ کہ توسیعی ٹریننگ سیشن اور کسٹمر سروے پروگرام بہت مفید رہے جن کے ذریعہ ٹیم کی معلومات میں خاطر خواہ اضافہ ہوا اور کسٹمر کے ساتھ روابط میں بھی پختگی آئی۔



اینیمل ہیلتھ ڈویژن

## کسٹمرز آگہی پروگرام F VAX MG سیمینار

# لاہور میں پروڈکٹ ٹریننگ

رپورٹ: ڈاکٹر رضوان افضل

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز کے پولٹری کے شعبہ کی جانب سے فارمرز میں Mycoplasmosis پر کنٹرول کی حکمتِ عملی کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اور گلہ کی مینجمنٹ کیلئے پروڈکٹ کے استعمال کی اہمیت اجاگر کرنے کی غرض سے ایک سیمینار کا اہتمام کیا گیا جو 27اپریل 2017 کو پرل کونٹی نینٹل لاہور میں منعقد ہوا۔

اس سلسلے میں پولٹری کے شعبہ نے MSD کے ٹیکنیکل منیجر ڈاکٹر ڈینس کو پاکستان آنے اور سیمینار کے حاضرین سے خطاب کرنے کی دعوت دی۔ اس تقریب میں لیئرز اور بریڈرز کے 40 کسٹمرز نے شرکت کی۔ استقبالیہ کلمات کے بعد ڈاکٹر ڈینس نے Mycoplasmosis پر کنٹرول، اس کی علامات اور احتیاطی تدابیر کے طریقوں کے بارے میں تفصیلی گفت وشنید کی۔ اس کے بعد سوال وجواب کا سلسلہ ہوا جس میں ہمارے معزز کسٹمرز کو پروڈکٹ کے بارے میں سوالات اور استفسارات پیش کرنے کا موقع ملا۔ تقریب کے آخر میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا تھا جس سے شرکاء خوب لطف اندوز ہوئے۔

مجموعی طور پر F VAX-MG سیمینار پولٹری کی صنعت کیلئے نہایت مفید ثابت ہوا کہ اس میں فارمرز کو پروڈکٹ کے موثر ہونے سے متعلق معلومات فراہم کرنے اور اس کے استعمال کیلئے راغب کرنے میں مدد ملی۔









اینیمل ہیلتھ ڈویژن

## کسٹمرز کیلئے تقریبِ انعامات

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل احمد خان

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، اینمل ہیلتھ ڈویژن لائیواسٹاک کے شعبہ نے لاہور، حیدرآباد، سکھر، پشاور اور ملتان ریجن کے کسٹمرز کیلئے تقسیمِ انعامات کی تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں معاون ادویات کے 78 کسٹمرز کو انعامات دیئے گئے جنھوں نے ہمارے ساتھ کاروبار میں ایک ملین روپے کا ہدف حاصل کیا تھا۔ اس تقریب کا اہتمام لائیواسٹاک شعبہ کی مارکیٹنگ ٹیم نے کیا اور اس کا مقصد پروڈکٹ کی زیادہ سے زیادہ کھپت کے ساتھ ساتھ کسٹمرز کو باقاعدگی کے ساتھ خریداری کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد بزنس منیجر صبور احمد نے ابتدائی تقریر کی اور کسٹمرز کے اینمل ہیلتھ پروڈکٹس پر اعتماد اور خلوصِ دل سے اس کے ساتھ وابستہ رہنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے کسٹمرز کے ساتھ مضبوط روابط قائم رکھنے پر اور ان پر توجہ مرکوز رکھنے پر اینمل ہیلتھ ڈویژن کی مسلسل کاوشوں کی تعریف کی۔

آخر میں ایک قرعہ اندازی کا اہتمام کیا گیا جس میں کسٹمرز نے بڑے جوش وخروش سے حصہ لیا۔ قرعہ اندازی کے ذریعے جو انعامات تقسیم کئے گئے ان میں "32 LED، واٹر ڈسپنسر، جوسر بلینڈر اور موبائل فون شامل تھے۔ یہ انعامات بزنس منیجر صبور احمد اور مارکیٹنگ اور سیلز منیجر ڈاکٹر شہزاد مجید نے حاضرین میں تقسیم کئے۔ انعامات کی تقسیم کی تقریب کے بعد ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا جس سے حاضرین خوب لطف اندوز ہوئے۔

اس تقریب میں کسٹمرز کی ایک بڑی تعداد نے دلچسپی کے ساتھ شرکت کی جو لائیواسٹاک کے شعبہ کیلئے نہایت مفید ثابت ہوئی جس کی بدولت مارکیٹنگ اور سیلز ٹیم کو کسٹمرز کے ساتھ اپنے روابط کو مزید مستحکم کرنے کا موقع ملا جو ہمارے کاروبار کے فروغ اور اہداف کے حصول کا ذریعہ ہیں۔











اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# پولٹری فارمرز کیلئے آگہی پروگرام



## دھابیجی میں فارمرز کا اجتماع

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری شعبہ کی جانب سے دھابیجی ریجن میں فارمرز کے اجتماع کا اہتمام کیا گیا۔ اس اجتماع کا مقصد فارمرز میں بایوسیکورٹی اور نیوٹریشن کی اہمیت کے بارے میں آگہی پیدا کرنا تھا تا کہ وہ اپنے چوزوں کی بہتر نگہداشت کرسکیں۔ اس اجتماع کی صدارت اسسٹنٹ پروڈکٹ مینیجر اور ایریا مینیجر نے کی۔ اس میں کل 18 فارمرز نے شرکت کیا جلاس کا آغاز فارم کی سطح پر آگہی کی کمی سے پیش آنے والے چیلنجز کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن سے ہوا جس میں فارم پر صحتمندانہ اور محفوظ طریقۂ کار کے استعمال کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔اس کے علاوہ فارمرز نے بھی اپنے خدشات بیان کیے۔ صارفین کے ساتھ تفصیلی گفت وشنید کے بعد اسسٹنٹ پروڈکٹ مینیجر نے سوالوں کے جواب دیئے۔

مجموعی طور پر یہ ایک نہایت کارآمد تقریب ثابت ہوئی جس میں پولٹری فارمرز کو بایوسیکورٹی کے اصولوں پر عمل کرنے اور چوزوں کے لئے موثر غذائیت کی فراہمی کی اہمیت کا علم ہوا جس کے بغیر ان کو مالی نقصان اٹھانا پڑتا تھا۔



اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# فارمرز چوائس وانڈا ڈیلرز















## مظفر آباد، اسلام آباد، بنّوں، لکی مروت اور سرگودھا میں اجتماعات

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اینیمل ہیلتھ ڈویژن لائیواسٹاک کے شعبہ نے اسلام آباد، مظفر آباد، بنّوں، لکی مروت اور سرگودھا ریجن میں فارمرز چوائس وانڈا کے ڈیلرز کے اجتماعات کا اہتمام کیا جو کہ سیلز مینیجر نارتھ امتیاز احمد کی سربراہی میں ان کی ٹیم نے انجام دیئے۔ان میں فارمرز چوائس وانڈا کے بارے میں بات چیت کی گئی۔ان پانچ اجتماعات میں مجموعی طور پر کل دوسو چالیس کسٹمرز نے شرکت کی۔ان اجتماعات کا مقصد ڈیلرز اور سب ڈیلرز میں مویشیوں کیلئے متوازن خوراک کی اہمیت اجاگر کرنا اور جانوروں پر زیادہ توجہ پر زور دینا تھا۔ڈیلرز نے لائیواسٹاک شعبہ کی ٹیم کی فارم کی سطح تک رابطوں اور رہنمائی کو سراہا۔

اس کے علاوہ پروڈکٹ اور اس کی منفرد خصوصیات ، قیمت اور مجموعی طور پر اس کے جانوروں کی افزائش پر بہتر اثرات سے متعلق تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی۔ٹیم نے فیڈ کے معیار اور غذائیت کا خیال رکھنے پر بھی زور دیا۔اجلاس کے آخر میں سوال وجواب کا سلسلہ ہوا جس میں ٹیم نے ڈیلرز کے سوالوں کے جواب دیئے۔

مزید برآں ٹیم نے ڈیلروں میں تحائف جیسے وال کلاک، بینرز اور کی چین وغیرہ بھی تقسیم کیئے۔مجموعی طور پر یہ تقریبات نہایت فائدہ مند ثابت ہوئیں جس میں ڈیلرز اور ہماری ٹیم کو ایک پلیٹ فارم پر باہم گفت وشنید کا موقع ملا اور دونوں کو ایک دوسرے کے خیالات سے آگہی حاصل ہوئی۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# مصنوعی افزائش نسل (تخم ریزی) کے نتائج برآمد

مزید تفصیل کیلئے رسالہ ہمقدم جولائی ستمبر 2016ء صفحہ 26 ملاحظہ کریں۔

ڈیری فارمرز کیلئے سب سے اہم اس کا مویشی ہوتا ہے جو کہ اس کا سرمایہ ہوتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کا مویشی اعلیٰ نسل اور بہترین صحت کا حامل ہو۔ اس ضرورت کو مدِنظر رکھتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے گزشتہ سال جولائی میں کوجنٹ بریڈنگ لمیٹڈ انگلینڈ کے ساتھ اشتراکِ عمل کے ذریعے ان کی اعلیٰ معیاری پروڈکٹ بوائن سیمن درآمد کر کے ڈیری فارمرز کیلئے مارکیٹ میں پیش کی۔ مویشیوں کی افزائشِ نسل، جدت اور انتخاب کے ساتھ سیکس سیمن ٹیکنالوجی (مادہ تولید / نطفہ سے متعلق تکنیکی مہارت کے حوالے سے 20 سال سے زائد تجربے کے باعث اس میدان میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتی۔



چوہدری غلام مصطفیٰ، گاؤں 35-83، خانیوال نے سب سے پہلے کوجنٹ سیمن کا استعمال اپنے مویشیوں کیلئے کیا اور ان کو یہ اعزاز حاصل ہوا کہ پاکستان کی سب پہلی فیمیل کالف (بچھیا) کی ولادت ہوئی جو کہ یو کے کے اعلیٰ نسل کے سانڈ ونٹر کے سیل مائیلو کے نارمل سیمن کے ذریعے ممکن ہوئی۔ اس موقع پر چوہدری غلام مصطفیٰ کا کہنا تھا کہ میں بے حد خوش قسمت ہوں کہ اتنی خوبصورت اور اعلیٰ نسل کی بچھیا پیدا ہوئی ہے۔ اس قسم کی بچھیا کبھی بھی میرے فارم میں پیدا نہیں ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ میرے مزید 9 عدد مویشی کوجنٹ سیمن کے استعمال سے گابھن ہیں اور امید کرتا ہوں کہ ان کے بچے بھی اسی طرح کے اعلیٰ نسل اور صحت مند پیدا ہوں گے۔ چوہدری غلام مصطفیٰ نے مزید کہا کہ کوجنٹ سیمن کے ذریعے اعلیٰ نسل کے مویشی کی پیدائش کا جو دعویٰ کیا گیا تھا، میں نے اپنے مویشی کو ویسا ہی پایا ہے۔



ڈیری فارم انڈسٹری میں اعلیٰ اور معیاری سیمن کی بہت کمی تھی لیکن آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کوجنٹ کے ساتھ اشتراک کر کے اس کمی کو دور کر دیا ہے۔ امید ہے کہ معیاری سیمن کی مارکیٹ میں دستیابی سے ڈیری انڈسٹری میں انقلاب آ جائیگا اور ہمارے ڈیری فارمرز معاشی طور سے مستحکم ہو جائیں گے۔



ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics /